**SET-1**

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
Code No. **252/1/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیں کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحوں کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ یہ بھی جانچ لیں کہ اِس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **27** ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کی جگہ پر جواب کاپی میں لِکھ دیجیے۔**
- آپ کو پرچہ کے سوال پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ 10 بجکر 15 منٹ تک پرچہ طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ میں چھپے سوالوں کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ جواب کاپی میں کچھ لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **27** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

حاصل وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

بیش تریں کُل نمبر : 100
*Maximum marks : 100*

**عام ہدایات :**

*(i)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

*(ii)* سوال نمبر **1** سے **5** تک کا ہر سوال **ایک** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **20** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iii) سوال نمبر **6** سے **10** تک کا ہر سوال دو نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **40** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) سوال نمبر **11** سے **16** تک کا ہر سوال **چار** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **100** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) سوال نمبر **17** سے **21** تک کا ہر سوال **پانچ** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب **150** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) سوال نمبر **21** نقشہ پر مبنی سوال ہے۔ اس کا جواب آپ اپنی جواب کی کاپی میں لکھیے۔

(vii) سوال نمبر **22** سے **27** تک ہر سوال **چھ** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **150** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

1. ہندوستان اور روس کی دوستی کی کسی ایک خاص خصوصیت بتائیے۔ **1**

2. درج ذیل میں سے کون سا امریکہ (U.S.) کے ذریعہ دہشت گردی کے خلاف اس کے عالم گیر جنگ (Global War) کا ایک حصہ تھا : **1**

   (a) آپریشن ڈیزرٹ اسٹورم

   (b) کمپیوٹر وار

   (c) آپریشن اینڈیورنگ فریڈم

   (d) ویڈیو گیم وار

3. کسی ایک مثال کے ذریعے ثابت کیجئے کہ دنیا کے کسی ایک مقام پر ہونے والے واقعات کا اثر دنیا کے کسی دوسرے مقام پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ **1**

4. ہندوستان میں بائیں بازو والی پارٹیوں (left parties) کا نظریہ کیا رہا ہے؟ **1**

5. درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبیلوں اور دیگر پس ماندہ طبقوں (SCs, STs and OBCs) کے علاوہ ریزرویشن کی مانگ کس حد تک جائز ہے؟ **1**

6. 1960 کی دہائی سے شروعات کرتے ہوئے دونوں عظیم طاقتوں نے اصلحہ محدود کرنے (to control arms) کے لیے کون سے دو معاہدوں پر دستخط کیے؟ **2 × 1 = 2**

7. آزادی کی قومی تحریک کے دوران ایسے دو مقاصد جن پر سب متفق تھے اور ان کو پورا کرنے کے خواب دیکھے گئے جو آزادی کے بعد پورے ہوئے، ان مقاصد کو بیان کیجیے۔ **2 × 1 = 2**

8. فہرست (A) کے لیڈروں کو فہرست (B) کے بیان سے ملا کر جوڑی بنائیے۔ **4 × ½ = 2**

| (A) | | (B) | |
|---|---|---|---|
| (a) | لال بہادر شاستری | (i) | بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی (مارکسسٹ لینسٹ) کی بنیاد رکھی |
| (b) | سی نٹ راجن انادورائی | (ii) | ڈی۔ایم۔کے۔ (DMK) کی بنیاد رکھی |
| (c) | چارو مجمدار | (iii) | 1952 سے 1986 میں موت تک پارلیمنٹ کا ممبر رہا |
| (d) | جگ جیون رام | (iv) | 'جے جوان – جے کسان' کا نعرہ دینے والے |

9. آپ کے خیال میں، کیا آنند پور صاحب قرارداد (Anandpur Sahib Resolution) وفاقیت (federalism) کو مضبوط کرنے کی درخواست تھی یا ایک علیحدہ سکھ ریاست کے قیام کی عرضداشت تھی ؟ **2**

10. علاقائی امنگوں کا مقابلہ کرنے کے لیے جمہوری طریقے کے رول کا جائزہ لیجیے۔ **2**

11. آسیان (ASEAN) معاشی برادری (Economic Community) کے چار اہم مقاصد بیان کیجیے۔ **4 × 1 = 4**

12. سلامتی کو روایتی پالیسی کا ایک عنصر اتحاد سازی (alliance building) کا کیا مطلب ہے؟ اس سے ہونے والے فائدے لکھیے۔ **2 + 2 = 4**

13. ہندوستان کے لوگوں پر عالم گیریت کے کوئی چار منفی نتائج اجاگر کیجیے۔ **4 × ½ = 2**

14. حیدرآباد کا الحاق ہندوستان کے ساتھ ہونے کے لیے ذمہ دار حالات بیان کیجیے۔ **4**

15. آزاد ہندوستان میں ابتدا سے لے کر اب تک رائے دہندگی (methods of voting) کے طریقے کیسے بدلتے رہے ہیں؟ اسباب بھی واضح کیجیے۔ **4**

16. 1979 میں جنتا سرکار کے زوال کے لیے ذمہ دار کسی چار عوامل کا جائزہ لیجیے۔ **4 × 1 = 4**

17. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

ایک نیوکلیائی جنگ کی صورت میں دونوں فریقوں کا اتنا زبردست نقصان ہوگا کہ کسی کو بھی فاتح قرار دینا ناممکن ہوگا۔ اگر ان میں سے ایک اپنے دوسرے حریف کے نیوکلیائی ہتھیاروں کو نشانہ بناتا ہے اور ان کو بے اثر کر دیتا ہے تب بھی اس کے پاس اتنے نیوکلیائی ہتھیار باقی رہیں گے کہ وہ پہلے حریف کو غیر یقینی نقصان پہنچا سکے۔ اس کو 'مزاحمت' (deterrence) کی منطق کہتے ہیں۔ دونوں فریقوں میں حملے کی صورت میں جواب دینے کی پوری صلاحیت ہے اور اتنی تباہی پھیلا سکتے ہیں کہ دونوں میں سے کوئی بھی جنگ شروع کرنے کی ہمت نہیں کر سکا۔ اس طرح سے اگرچہ سرد جنگ دونوں طاقتوں کے درمیان زبردست کشمکش تھی، یہ ایک سرد جنگ ہی رہی اور گرم جنگ نہ بن سکی۔ مزاحمتی طریقۂ کار اگرچہ جنگ ٹالتا رہتا لیکن طاقتوں کے درمیان رقابت کو نہیں روک سکا۔

(i) دو بڑی طاقتوں کے بیچ حریفانہ کشمکش صرف سرد جنگ ہی کیوں بنی رہی ؟

(ii) دونوں نیوکلیائی طاقتوں کے بیچ ہونے والی نیوکلیائی جنگ فیصلہ کن کیوں نہیں ہو سکتی ؟

(iii) 'مزاحمت' (deterrence) کی منطق بیان کیجئے۔ **2 + 2 + 1 = 5**

18. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

اگرچہ جنوبی ایشیائی ملکوں کے جمہوریت کے تجربات الگ الگ ہیں، لیکن ایک بات مشترک ہے کہ جمہوریت کی تمنا ان کی امنگوں اور حوصلوں کا حصہ ہے۔ اس علاقہ کے پانچ بڑے ملکوں میں حال ہی میں ایک جائزہ لوگوں کے رجحان کے متعلق لیا گیا تھا جس سے معلوم ہوا کہ ان سب ملکوں میں جمہوریت کے لئے وسیع پیانے پر حمایت موجود ہے۔ عام شہری خواہ وہ غریب ہو یا امیر اور کسی بھی مذہب کا ماننے والا ہو، جمہوریت کو ایک مثبت نظریہ قرار دیتا ہے اور وہ ادارے جو جمہوریت کی نمائندگی کرتے ہیں ان کی نظر میں قابلِ قدر ہیں۔ وہ جمہوریت کو ہر قسم کی طرز حکومت پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور اپنے ملک کے لیے اسی طرز حکومت کو مناسب خیال کرتے ہیں۔ جائزہ کے یہ نتائج بہت اہم ہیں کیونکہ اس سے پہلے یہ سمجھا جاتا تھا کہ جمہوریت کا پودا صرف دنیا کے خوش حال ملکوں میں ہی پروان چڑھ سکتا ہے۔

(i) جمہوریت کی نمائندگی (representative democracy) کی مقبولیت کا جائزہ لیجیے۔

(ii) جنوبی ایشیا کے پانچ بڑے ملکوں میں جمہوریت کو وسیع پیانے پر حمایت ملنے کے اسباب کا جائزہ لیجیے۔

(iii) آپ اس بات سے کہاں تک اتفاق کرتے ہیں کہ جمہوریت کا پودا صرف دنیا کے خوش حال ملکوں میں ہی پروان چڑھ سکتا ہے۔ **1 + 2 + 2 = 5**

19. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

تحریکیں محض اجتماعی طور پر زور دینے یا ریلیاں اور احتجاجی مظاہرے کرنے سے متعلق ہی نہیں ہیں۔ دراصل تحریک ایسے لوگوں کا بتدریج اکٹھے ہونے کا نام ہے جن کے مسائل یکساں ہوں، مطالبات ایک جیسے ہوں اور توقعات بھی یکساں ہوں۔ لیکن اسی کے ساتھ تحریکوں کا مطلب یہ بھی ہے کہ لوگوں کو ان کے حقوق اور ان توقعات کے بارے میں بیدار کیا جائے جو وہ جمہوری اداروں سے رکھ سکتے ہیں۔ ہندوستان کی سماجی تحریکیں طویل عرصہ سے ایسے ہی تعلیمی کاموں میں ملوث رہی ہیں اور اس طرح جمہوریت کو پھیلانے میں انکا بڑا ہاتھ رہا ہے نہ کہ یہ انھوں نے گڑبڑی اور رکاوٹ پیدا کرنے میں۔ معلومات کے حق کی جدوجہد اس کی ایک مثال ہے۔

(i) تحریک کے نتیجہ کے طور پر ہندوستانیوں کو ملے کسی ایک حق کو بیان کیجئے۔

(ii) آپ کہاں تک اتفاق رکھتے ہیں کہ تحریکوں نے جمہوریت میں گڑبڑی یا رکاوٹ پیدا نہیں کی بلکہ اس کو پھیلایا ہے؟

(iii) جمہوری اداروں اور تحریکوں کے بیچ کیا تعلق ہے؟ **1 + 2 + 2 = 5**

20. نیچے دیئے گئے کارٹون کا غور سے مطالعہ کیجئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے :




یہ کارٹون ریاست کے راجاؤں اور عوام کے درمیان تعلقات پر تبصرہ ہے۔

(i) کارٹون میں بائیں طرف کھڑے ہوئے لیڈر کو پہچانئے اور ان کا نام لکھیے۔

(ii) یہ کارٹون راجا اور عوام کے کس طرح کے تعلق کو دکھاتا ہے؟

(iii) نوابی ریاستوں کے مسئلے حل کرنے کے لیے بائیں طرف کھڑے ہوئے لیڈر کا اپنایا گیا طریقہ آپ کی رائے میں کہاں تک کامیاب رہا؟ **1 + 2 + 2 = 5**

**نوٹ :** درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **20** کے بدلے :


درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(20.1) جواہر لال نہرو کی پہلی وزراء کونسل (first Council of Ministers) میں نائب وزیر اعظم کون تھا ؟

(20.2) 'الحاق کی دستاویز' پر دستخط کرنے سے پہلے، منی پور کے مہاراجہ کو ہندوستانی حکومت نے کیا یقین دہانی کرائی تھی ؟

(20.3) حیدرآباد کے لوگوں میں سے کس طبقے نے نظام کے خلاف آواز اٹھائی اور کیوں ؟ **1 + 2 + 2 = 5**

.21




دیے گئے دنیا کے سیاسی خاکے میں پانچ ممالک کو Ⓐ، Ⓑ، Ⓒ، Ⓓ اور Ⓔ سے نامزد کیا گیا ہے۔ درج ذیل معلومات کی مدد سے ان ممالک کو پہچانئے اور ان کے صحیح نام، استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور ان سے متعلق ''حروف'' کو نیچے دیے گئے فارمیٹ کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیے :

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف تہجی (Alphabet concerned) | ملک کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |
| (v) | | |

(i) وہ ملک جہاں جون 1992 میں Earth Summit ہوا تھا۔

(ii) گرین ہاؤس گیس (زہریلی گیسیں) کی اخراج کرنے والا بڑا ملک۔

(iii) باندھ مخالف دریا موافق تحریک کے لیے جانے جانے والا ملک۔

(iv) کیوٹو پروٹوکول کے مطالبات سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ملک۔

(v) دنیا میں کروڈ آئل (کچا تیل) کی پیداوار میں دوسرے مقام پر آنے والا ملک۔ **5 × 1 = 5**

**نوٹ** : درج ذیل سوال **صرف نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **21** کے بدلے :

ذیل میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے :

(21.1) اس ملک کا نام لکھیے جہاں 1987 میں منٹریل پروٹوکول معاہدے پر دستخط کیے گئے۔

(21.2) اس ملک کا نام لکھیے جہاں 1997 میں 'کیوٹو پروٹوکول' پر دستخط ہوئے۔

(21.3) ''گیس کے اخراج کی روک تھام کی بڑی ذمہ داری ترقی یافتہ ممالک کی ہے۔'' یہ نظریہ خاص طور سے کس ملک کا ہے؟

(21.4) شمالی امریکہ کا کون سا ملک اپنی جنگلاتی تحریک کے لیے جانا جاتا ہے؟

(21.5) جنوبی امریکہ کے اس ملک کا نام بتایئے جو جنگلوں کے کاٹے جانے سے سب سے زیادہ دباؤ جھیل رہا ہے۔ **5 × 1 = 5**

22. سرد جنگ میں ناوابستہ تحریک (Non-aligned Movement) میں ہندوستان نے کس طرح اہم رول نبھایا؟ بیان کیجیے۔ **6**

**یا**

دنیا کا دوسرے نمبر کا سب سے طاقتور ملک، سوویت یونین کیوں منتشر ہوا؟ کوئی چھ اسباب لکھیے۔ **6 × 1 = 6**

23. ''ریاست ہائے متحدہ کی تمام قوت کا انحصار اس کی فوج کی بے پناہ برتری پر ہے۔'' کوئی تین مناسب دلیلیں دے کر اس بیان کو ثابت کیجیے۔ **3 × 2 = 6**

**یا**

ایسے کسی تین عوامل کا جائزہ لیجیے جو یورپی یونین کو ایک معاشی یونین سے سیاسی یونین بنانے کے لیے ذمہ دار ہیں۔

**3 × 2 = 6**

24. ایسے کوئی تین چیلنجنگ عالم گیر مدّ وں (مسئلوں) کو بیان کیجیے جن کو ہر ایک ملک کومل کر کام کیے بغیر حل نہیں کیا جا سکتا۔ **3 × 2 = 6**

**یا**

سلامتی کے روایتی تصورات : اندرونی اور بیرونی (خارجی) (Traditional notion of internal and external security) کے کیا معنی ہیں ؟ **6**

25. 1962 کے بعد ہند-چینی تعلقات پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیجیے۔ **6**

**یا**

ہندوستان اپنی خارجی پالیسی کو ان کے ساتھ لاگو کرنے اور بین الاقوامی تنازعات (اختلافات) سے بچے رہنے میں کہاں تک کامیاب رہا ؟ مثالیں دے کر بیان کیجئے۔ **6**

26. ہندوستان میں یونیئن گورنمنٹ اور ہندوستانی عدلیہ کے بیچ اختلافات کو پیدا کرنے والے حالات کی جانچ کیجئے۔ **6**

**یا**

1969 میں پارٹی کے بٹوارے کے بعد، کانگریس سسٹم کی بحالی کرنے (دوبارہ بنانے) والے حالات کا جائزہ لیجیے۔ **6**

27. جموں اور کشمیر کی سیاست کو لگاتار بحث کا موضوع بنانے کے لیے ذمہ دار باہری اور اندرونی اختلافات بیان کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

**یا**

راجیو گاندھی کے مرنے کے بعد ہندوستانی سیاست پر مستقبل میں دیر تک اثرات چھوڑنے والے کوئی تین اہم بدلاؤں (تبدیلیوں) کو بیان کیجئے۔ **3 × 2 = 6**

---